# تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کوہاٹ

## نوٹس نیلامیاں (اباسین پلازہ، شبستان پلازہ، تحصیل پلازہ، پرانا جیل روڈ دکانات)

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کوہاٹ صوبائی حکومت خیبر پختونخوا کی منظوری سے کوہاٹ شہر کے وسط میں اپنے تعمیر شدہ "اباسین پلازہ" واقع بھوسہ منڈی نزد سول کلب "شبستان پلازہ" واقع پرانا لاری اڈہ، "تحصیل پلازہ" نزد تحصیل پرائمری سکول اور "پرانا جیل روڈ دکانات" کوہاٹ میں دکانات / فلیٹس کو ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر نیلام کرنا چاہتی ہے۔ مذکورہ پلازہ جات کی نیلامی کے لیے ترتیبی بنیادوں پر درج ذیل طریقہ کار اختیار کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کو مقررہ شرائط کے مطابق دو سال کا ایڈوانس کرایہ / سیکورٹی رقم جمع کرانا ہوگی، جو معاہدہ / لیز کی مدت مکمل ہونے پر بشرطیکہ تمام شرائط کی پاسداری کی گئی ہو بلا کٹوتی واپس کر دی جائے گی۔

**اول درجہ:**

مکمل پلازہ ایک ساتھ خریدنے کے خواہشمند حضرات / بولی دہندگان کو اولین ترجیح دی جائے گی۔ اگر پورا پلازہ ایک ساتھ نیلام نہ ہو سکا تو پھر درج ذیل کیٹگری پر عمل کیا جائیگا۔

**دوم درجہ:**

وہ خواہشمند حضرات / بولی دہندگان جو دکانات یا فلیٹس، بینکوں یا معروف کمپنیوں کی فرنچائزز کے لیے حاصل کرنا چاہیں گے انہیں دوسری ترجیح دی جائے گی۔ اگر اس مرحلے پر بھی دکانات / فلیٹس نیلام نہ ہو سکیں تو باقی ماندہ دکانات / فلیٹس تیسرے درجہ کے تحت نیلام کیے جائینگے۔

**سوم درجہ:**

باقی ماندہ دکانات / فلیٹس کو ایک ایک کرکے نیلام کیا جائیگا، اور وہ خواہشمند حضرات جو صرف ایک دکان خریدنا چاہیں گے، انہیں اس مرحلے میں موقع فراہم کیا جائے گا۔ ان نیلامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| پلازہ کا نام | | فلور | تعداد | ماہانہ کرایہ مکمل پلازہ | کال ڈیپازٹ/سیکورٹی |
|---|---|---|---|---|---|
| اباسین پلازہ | اول درجہ | گراؤنڈ فلور (دکانات) | 36 | 793,500/- روپے | 2,500,000/- روپے |
| | | فرسٹ فلور (دکانات) | 51 | | |
| | | سیکنڈ فلور (فلیٹس) | 51 | | |

| پلازہ کا نام | | فلور | تعداد | ماہانہ کرایہ فی دکان/فلیٹ | کال ڈیپازٹ/سیکورٹی |
|---|---|---|---|---|---|
| اباسین پلازہ | دوم اور سوم درجہ | گراؤنڈ فلور (دکانات) | 36 | 10,000/- روپے | 250,000/- روپے |
| | | فرسٹ فلور (دکانات) | 51 | 6,000/- روپے | 200,000/- روپے |
| | | سیکنڈ فلور (فلیٹس) | 51 | 2,500/- روپے | 100,000/- روپے |

| پلازہ کا نام | | فلور | تعداد | ماہانہ کرایہ مکمل پلازہ | کال ڈیپازٹ/سیکورٹی |
|---|---|---|---|---|---|
| شبستان پلازہ | اول درجہ | گراؤنڈ فلور (دکانات) | 55 | 2,116,000/- روپے | 4,000,000/- روپے |
| | | فرسٹ فلور (دکانات) | 60 | | |
| | | سیکنڈ فلور (فلیٹس) | 16 | | |
| | | تھرڈ فلور (فلیٹس) | 16 | | |

| پلازہ کا نام | | فلور | تعداد | ماہانہ کرایہ فی دکان/فلیٹ | کال ڈیپازٹ/سیکورٹی |
|---|---|---|---|---|---|
| شبستان پلازہ | دوم اور سوم درجہ | گراؤنڈ فلور (دکانات) فرنٹ لائن | 15 | 30,000/- روپے | 500,000/- روپے |
| | | گراؤنڈ فلور (دکانات) سیکنڈ لائن | 15 | 25,000/- روپے | 500,000/- روپے |
| | | گراؤنڈ فلور (دکانات) تھرڈ لائن | 12 | 20,000/- روپے | 500,000/- روپے |
| | | گراؤنڈ فلور (دکانات) فورتھ لائن | 13 | 15,000/- روپے | 500,000/- روپے |
| | | فرسٹ فلور (دکانات) | 60 | 10,000/- روپے | 300,000/- روپے |
| | | سیکنڈ فلور (فلیٹس) | 16 | 4,000/- روپے فی کمرہ | 200,000/- روپے |
| | | تھرڈ فلور (فلیٹس) | 16 | 3,000/- روپے فی کمرہ | 200,000/- روپے |

| پلازہ کا نام | فلور | تعداد | ماہانہ کرایہ | کال ڈیپازٹ/سیکورٹی |
|---|---|---|---|---|
| تحصیل پلازہ | گراؤنڈ فلور (دکان نمبر 34) | 01 | 6,000/- روپے | 250,000/- روپے |

| دکانات | فلور | تعداد | ماہانہ کرایہ | کال ڈیپازٹ/سیکورٹی |
|---|---|---|---|---|
| پرانا جیل روڈ کوہاٹ | گراؤنڈ فلور | 03 | 10,000/- روپے | 100,000/- روپے |
| | | | 10,000/- روپے | 100,000/- روپے |
| | | | 10,000/- روپے | 100,000/- روپے |



CamScanner

**نیلامی کا شیڈول برائے مکمل پلازہ جات نیلامی کیلئے:**

| | |
|---|---|
| آن لائن بولی کی تاریخ و وقت | 01,02,03 جون 2026 صبح 09:00 بجے |
| اختتامی تاریخ و وقت | 03 جون 2026 دن 04:00 بجے |
| آن لائن ویب پورٹل: | Cfmis.lgkp.gov.pk |

**نیلامی کا شیڈول برائے بینکوں، معروف کمپنیوں اور فرمیا کر نیلامی کیلئے:**

| | |
|---|---|
| آن لائن بولی کی تاریخ: | 08,09,10 جون 2026 صبح 09:00 بجے |
| اختتامی تاریخ و وقت | 10 جون 2026 دن 04:00 بجے |
| آن لائن ویب پورٹل: | Cfmis.lgkp.gov.pk |

**نیلامی کا شیڈول برائے ایک ایک دکان کی نیلامی کیلئے:**

| | |
|---|---|
| آن لائن بولی کی تاریخ: | 15،16،17 جون 2026 صبح 09:00 بجے |
| اختتامی تاریخ و وقت | 17 جون 2026 دن 04:00 بجے |
| آن لائن ویب پورٹل: | Cfmis.lgkp.gov.pk |

**کھلی بولی بمقام ٹاؤن ہال واقع دفتر ٹی۔ایم۔اے کوہاٹ منعقد کی جائیگی۔**

| تاریخ نیلامی | بمورخہ | بوقت | بمقام |
|---|---|---|---|
| نیلامی کی پہلی تاریخ | 22 جون 2026 | 10:00 AM | ٹاؤن ہال ٹی ایم اے آفس کوہاٹ |
| نیلامی کی دوسری تاریخ | 23 جون 2026 | | |
| نیلامی کی تیسری تاریخ | 24 جون 2026 | | |

**چیدہ چیدہ شرائط و ضوابط:**

1۔ دکانات / فلیٹس کو لوکل کونسل بورڈ پشاور کی جانب سے جاری شدہ احکامات بذریعہ نوٹیفیکیشن نمبر SOE-III/LG/6-8/Lease Rules/2025 مورخہ 2025/03/06: کی روشنی میں بذریعہ آن لائن نظام / کھلی بولی نیلام کیا جائیگا۔

2۔ بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند پاکستانی شہریت کے حامل حضرات مجوزہ فارم ٹی ایم اے کوہاٹ کے ریگولیشن برانچ سے حاصل کر کے اس میں دکانات / فلیٹس نمبر اور اپنے مکمل کوائف درج کر کے ہمراہ مطلوبہ زربیعانہ بصورت بینک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ بنام TMO ٹی۔ایم۔اے کوہاٹ اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی سمیت بولی سے کم از کم 03 دن قبل دفتر ہذا میں جمع کروائے گا۔ بولی دہندہ کال ڈیپازٹ بولی سے 02 دن قبل از خود ویب پورٹل پر اپ لوڈ کرنے کا پابند ہوگا۔
غلط معلومات یا جعلی کاغذات جمع / اپلوڈ کرنے کی صورت بولی دہندہ کے خلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو انکے کال ڈیپازٹ نیلامی کا عمل مکمل ہونے کے بعد واپس کر دیے جائینگے ایسے افراد جو کسی اور کی جگہ بولی کے عمل میں شرکت کرنا چاہتے ہیں وہ اتھارٹی لیٹر فراہم کرنے کے پابند ہیں۔

3۔ بولی میں حصہ لینے والے حضرات صرف اس دکانات / فلیٹس کی بولی میں حصہ لے سکتے ہیں جسکے لیئے فارم پر کیا گیا ہو۔ اگر کوئی ایک سے زیادہ دکانات / فلیٹس میں دلچسپی رکھتا ہو اور بولی کے عمل میں حصہ لینا چاہتا ہو تو ہر دکان کے لیے علیحدہ علیحدہ فارم و کال ڈیپازٹ جمع کروائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ دو سال ایڈوانس کرایہ کا 25٪ چوبیس گھنٹے کے اندر اور باقی تمام رقم 07 یوم کے اندر جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور اس بابت تحریری معاہدہ دستخط کرنے کا پابند ہوگا بصورت دیگر زرضمانت / جمع شدہ بولی کی رقم بحق ٹی۔ایم۔اے کوہاٹ ضبط کی جائیگی۔

5۔ پہلی بار کرایہ داری کی میعاد 15 سال ہوگی اور کرایہ باقاعدہ بولی کی منظوری / دکان کی حوالگی سے شروع ہوگی۔ بعد از اختتام معاہدہ کی مزید 10 سال توسیع Lease Rules/2025 کے مطابق مزید معاہدہ عمل میں لایا جائے گا۔

6۔ کامیاب بولی دہند کو اُس وقت تک دکان کا چارج نہیں دیا جائیگا جب تک بولی کی باقاعدہ حتمی منظوری نہ ہو۔ تمام قانونی لوازمات اور تقاضے پورے ہونے کے بعد دکان / فلیٹ کرایہ دار کے حوالے کیا جائیگا اور کامیاب بولی دہندہ اس کا پابند ہوگا۔ اور کسی قسم کا اعتراض نہیں کرے گا۔

7۔ کامیاب بولی دہند / کرایہ دار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کوہاٹ کو دو معزز، معتبر اور صاحب حیثیت مقامی اشخاص کی ضمانت جمع کرائے گا۔

8۔ کامیاب بولی دہند / کرایہ دار حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت انکم ٹیکس و دیگر ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ ایسا کوئی شخص یا ادارہ جو کہ ٹی۔ایم۔اے کوہاٹ کی ادائیگی کا ڈیفالٹر ہوگا بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

9۔ اگر فریقین کے درمیان کسی وجہ سے تنازعہ پیدا ہو جائے تو ایسی صورت میں متعلقہ ریجنل میونسپل آفیسر کا ثالثی فیصلہ حتمی ہوگا۔ اور اس دوران کرایہ دار باقاعدہ ماہانہ کرایہ تاریخ مقررہ پر داخل فنڈ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کوہاٹ کرے گا۔

10۔ بولی دہندہ / کرایہ دار، حکومت / محکمہ بلدیات تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کوہاٹ کے وقتاً فوقتاً احکامات کا پابند ہوگا۔

11۔ پلازہ یا دکان / یونٹ کے سلسلے میں حکومت کی طرف سے جو بھی ہدایات موصول ہو تو بولی دہندہ / کامیاب بولی دہندہ اسکا پابند ہوگا۔

12۔ بولی کی حتمی منظوری کا اختیار زیر دستخطی / مجاز اتھارٹی ٹی۔ایم۔اے کوہاٹ کو حاصل ہے۔ جو کہ معقول / تکنیکی / انتظامی وجوہات کی بناء پر کسی بھی بولی کو منظور / نامنظور / مسترد یا بولی کے تمام عمل کو منسوخ کر سکتے ہیں۔



CamScanner

13۔ درج بالا شرائط میں کسی بھی شرط کے خلاف ورزی کی صورت میں بولی دہندہ کی ایڈوانس رقومات بحق میونسپل ایڈمنسٹریشن کوہاٹ ضبط کرکے بولی منسوخ کی جائیگی اور دکان / فلیٹ کو دوبارہ نیلامی کیلئے پیش کیا جائیگا۔ اور بولی دہندہ کسی قسم کا قانونی چارہ جوئی کا حقدار نہ ہوگا۔

14۔ کامیاب بولی دہندہ پلازہ / دکان / فلیٹ کی صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا اور حفاظتی انتظامات بشمول سیکورٹی کیمروں کی تنصیب اپنی ذاتی لاگت پر کرے گا۔

15۔ بولی دہندہ / کامیاب بولی دھندہ پلازہ، دکان، دکانات / فلیٹس کے متعلق تمام شرائط کا پابند ہوگا۔

نوٹ: نیلامی سے متعلق دیگر شرائط / مزید معلومات دفتری اوقات کار کے دوران ٹی۔ایم۔اے کوہاٹ کے ریگولیشن برانچ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
TMA کوہاٹ

ایڈمنسٹریٹر / تحصیل میونسپل آفیسر
TMA کوہاٹ



CamScanner